D.El.Ed/III Sem/DLED305DST/Dec 2017

تیسرا سمسٹر III Semester | D.El.Ed Regular (ڈی۔ایل۔ایڈ (ریگولر | دسمبر 2017

پرچہ : سماجی علوم کی تعلیم و تدریس

Paper- DLED305DST : Pedagogy for Classes 6 to 8 : Social Science Education

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks | Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) درج ذیل کون سا آلہ ٹیلی کمیونی کیشن کے زمرہ میں آتا ہے؟

(a) ورڈ پروسیسر (Word Processor) (b) سی ڈی پلیر (CD Player)

(c) سیٹلائٹ (Satellite) (d) پروجیکٹر (Projector)

(ii) شہری حقوق سے آگاہی کس مضمون کی تدریس کا مقصد ہے؟

(a) تاریخ (b) جغرافیہ

(c) شہریت (d) معاشیات

(iii) بحیثیت استاد طلبا میں باہمی میل جول کی قدر کو فروغ دینے کے لیے آپ درج ذیل کون سی سرگرمی کو منعقد کریں گے؟

(a) عنوان ''باہمی میل جول'' پر مضمون لکھنے کے لیے کہیں گے

(b) کوئز مقابلہ کا انعقاد کریں گے

(c) طلبہ کے گروپ بنا کر پراجیکٹ تفویض کریں گے

(d) انفرادی طور پر اعلیٰ نمبرات حاصل کرنے والے طالب علم کو انعام دیں گے

(iv) کمرۂ جماعت میں کسی بچہ کو تختہ سیاہ پر لکھی تحریر پڑھنے میں دشواری محسوس ہوتی ہے۔ بحیثیت استاد آپ اس بچہ کی مدد کس طرح کریں گے۔

(a) اسے اگلی قطار میں بٹھائیں گے

(b) اسے اپنے دوست کی نوٹ بک سے نقل کرنے کے لیے کہیں گے۔

(c) دوسرے طالب علم سے لکھوا دیں گے

(d) اس طالب علم کے والدین کو مشورہ دیں گے کہ وہ کسی آنکھوں کے ڈاکٹر سے بچہ کا معائنہ کروائیں۔

(v) شمولیتی کمرۂ جماعت (Inclusive Classroom) سے کیا مراد ہے؟

(a) جہاں مختلف مذاہب اور ذات سے تعلق رکھنے والے بچے ایک ساتھ تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

(b) جہاں سماج کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے بچے ساتھ تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

(c) جہاں مختلف ذہنی وجسمانی قابلیت والے بچے ایک ساتھ تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

(d) اوپر دیے گئے تمام۔

(vi) رائے (Opinion) اور حقیقت (Fact) کے درمیان فرق کی وضاحت کیجیے۔

(a) حقیقت مشاہدہ پر مبنی ہوتی ہے اور رائے عقیدہ پر

(b) رائے کی قدر حقیقت سے زیادہ ہوتی ہے

(c) رائے کو بہ نسبت حقیقت لوگ آسانی سے قبول کرتے ہیں

(d) اوپر دیے گئے تمام

(vii) ذیل میں سے سمعی وبصری آلہ کی نشاندہی کیجیے۔

(a) اوورہیڈ پروجیکٹر (OHP)

(b) ریڈیو

(c) گراف

(d) کمپیوٹر

(viii) ذیل میں سے ثانوی ماخذ (Secondary Source) کی نشاندہی کیجیے۔

(a) ویڈیو ریکارڈنگ

(b) ڈائری

(c) خطوط

(d) کسی تحریر کا جزیا حصہ

(ix) تدریس کے دوران کی جانے والی جانچ کو کیا کہتے ہیں؟

(a) تشکیلی جانچ (Formative Test)

(b) تشخیصی جانچ (Diagnostic Test)

(c) تلخیصی جانچ (Summative Test)

(d) معالجی جانچ (Remedial Test)

(x) جغرافیہ کی تدریس کے لیے درج ذیل میں کون معاون ہوگا۔

(a) سفرنامے

(b) بینک کا دورہ

(c) تاریخی مقامات کا دورہ

(d) نجی خطوط

حصہ دوم

2- سماجی علوم کی ماہیت پر روشنی ڈالیے۔

3- جغرافیہ کی تدریس کے مقاصد بیان کیجیے۔

4- علاقہ اور ذرائع میں کیا تعلق پایا جاتا ہے۔

5- سماجی علوم کی تدریس میں میوزیم کی کیا اہمیت ہے؟

6- کیس اسٹڈی پر مختصر نوٹ لکھیے۔

7- سماجی علوم کی تدریس میں ICT پر مبنی ذرائع کا استعمال کس طرح کیا جاتا ہے؟

8- فلو چارٹ (Flow Chart) اور تصوری نقشے (Concept Maps) کی وضاحت کیجیے۔

9- طلبہ کی گذشتہ معلومات کو نئی معلومات سے جوڑنا کیوں ضروری ہے؟

حصہ سوم

10- بحیثیت استاد آپ موجودہ ICT کے دور میں سماجی مطالعہ کی تدریس کو کس طرح دلچسپ بنائیں گے؟

11- سماجی علوم کے نصاب کی تنظیم کے اہم طریقے کون سے ہیں؟ کوئی دو طریقوں کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

12- معاشیات کے تین اہم امور' مارکٹ' تبادلہ (Exchange) اور مزدور (Labour) پر تفصیل سے نوٹ لکھیے۔

13- شمولیتی کمرۂ جماعت کو فروغ دینے کے لیے بحیثیت معلم آپ کون سی حکمت عملیاں اختیار کریں گے؟

14- طلبہ کی تحصیل علم کی جانچ کے مختلف طریقوں کو بیان کیجیے۔

☆☆☆